<"xml encoding="UTF-8?>

مکتوبات باب جنت

سرورکائنات حضرت محمدمصطفی صلی اللہ علیہ والہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ شب معراج جب میں سیرآسمانی کرتاہواجنت کے قریب پہنچا تودیکھا کہ باب جنت پرسونے کے حروف میں لکھا ہوا ہے۔

”لاالہ الااللہ محمدحبیب اللہ علی ولی اللہ وفاطمة امۃاللہ والحسن والحسین صفوة اللہ ومن ابغضھم لعنه اللہ“

ترجمہ : خدا کے سوا کوئی معبود نہیں۔ محمد (ص) کے رسول ہیں علی ،اللہ کے ولی ہیں ۔ فاطمہ اللہ کی کنیزہیں،حسن اورحسین اللہ کے برگزیدہ ہیں اوران سے بغض رکھنے والوں پراللہ کی لعنت ہے(ارجح المطالب باب ۳ ص ۳۱۳ طبع لاہور ۱۲۵۱ )

حدیث حسین منی

سرورکائنات نے امام حسین علیہ السلام کے بارے میں ارشادفرمایاہے کہ اے دنیاوالو!

بس مختصریہ سمجھ لوکہ

”حسین منی وانامن الحسین“

حسین مجھ سے ہے اورمیں حسین سے ہوں ۔ خدااسے دوست رکھے جوحسین کودوست رکھے (مطالب السؤل ص ۲۴۲ ،صواعق محرقہ ص ۱۱۴ ،نورالابصار ص ۱۱۳ ،صحیح ترمذی جلد ٦ ص ۳۰۷ ،مستدرک امام حاکم جلد ۳ ص ١٧٧ ومسنداحمدجلد ۴ ص ۱۷۲ ،اسدالغابہ جلد ۲ ص ۹۱ ،کنزالعمال جلد ۴ ص ۲۲۱) ۔

کتاب کا حوالہ:

https://alhassanain.org/urdu/?com=book&id=224